بعض معروف اہلحدیث علمائے دین کا نظر انداز ہو جاتا ہے یا بعض غیر علماء کا اس میں شامل ہو جانا جو اپنے نام کے ساتھ مولوی یا مولانا کا سابقہ رکھتے تھے کوئی تعجب انگیز اور حیران کن بات نہیں۔ کئی خامیوں کے باوجود مؤلف کی یہ علمی کاوش نہایت قابل قدر اور لائق تحسین ہے۔ اور اب تک علمائے پنجاب پر جو مختلف دائروں میں کام ہوئے ہیں۔ ان میں جامع تر یہی ہے۔ بعض اہل تشیع علماء کے حالات پڑھنے کے بعد ہی اس کے شیعہ ہونے کا پتہ چل جاتا ہے۔

مناسب تھا کہ عنوان ہی میں یہ چیز واضح کر دی جاتی تاکہ التباس نہ رہتا۔ یہ تذکرہ علمی حلقوں میں مقبول ہوگا۔ اور ناشر کو جلد ہی اس کی دوسری اشاعت کا سر و سامان کرنا پڑے گا۔ مجھے امید ہے کہ پروفیسر اختر راہی اس وقت اسے جامع ترین اور علم و تحقیق کا معیار بنا دینے میں اپنی پوری پوری کوشش صرف کر دیں گے۔

کاغذ عام۔ کتابت طباعت اچھی اور جلدیں خوبصورت ہیں۔ امید ہے کہ اس کی قیمت بھی مناسب ہو گی۔

ڈاکٹر ابو سلیمان شاہجہانپوری

شرح قصیدہ بانت سعاد | کعب بن زہیرؓ کے مشہور نعتیہ عربی قصیدے کی تحقیقی اردو شرح۔ علامہ فضل احمد عارف ایم اے کے قلم سے نہ صرف صاحب قصیدہ بلکہ قصیدہ کے شان نزول، مضامین خصوصیات پھر قصیدہ کے شارحین، مترجمین، تخامیس، تشطیرات معارضات پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی۔ یورپ میں دیوان کی اشاعت کی سرگذشت پر تحقیقی مباحث شامل ہیں۔ صفحات ۱۹۱ قیمت ۱۶ روپے۔ ناشر ایچ ایم سعید کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی۔ نعت گوئی ادب عربی فن معانی و بیان و بدیع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے خاص طور پر معلوماتی چیز ہے۔

مکاشفۃ القلوب | حجۃ الاسلام امام غزالی کی مشہور اصلاحی و سلوکی کتاب کا سلیس عام فہم اردو ترجمہ جناب مولانا قاری عطاء اللہ صاحب کے قلم سے جسے مکتبہ اسلامیات کوچہ بوہڑ شاہ چوک وزیر خان اندرون دہلی دروازہ لاہور نے بڑے آب و تاب اور اہتمام سے شائع کیا ہے۔

سات سو اٹھائیس صفحات پر مشتمل یہ ترجمہ معارف، تصوف، نفسانی امراض اور اس کے علاج کے لئے اہم اور معرکۃ الآراء مباحث پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے ذریعہ اب وہ تشنگان معرفت بھی غزالی کے چشمہ صافی سے استفادہ کر سکتے ہیں جن کی رسائی امام موصوف کے عربی و فارسی تصانیف تک نہیں ہو سکتی تھی قیمت ۴۸ روپے۔ (س)

خیر البراهین فی غیر المقلدین | غیر مقلدین اور عدم تقلید پر حضرت مولانا خیر محمد جالندھری مرحوم ملتان کا ایک علمی و تحقیقی رسالہ۔ صفحات ۷۲ قیمت پانچ روپے پچاس پیسے۔ ناشر۔ مکتبہ خیر المدارس ملتان